© rasailojaraid.com



# چند مقتدر اہل علم ودانش کے خطوط

☆

مجلّہ فقہ اسلامی کو گزشتہ سال محرم ۱۴۲۵ھ تا ذوالحجہ ۱۴۲۵ھ قارئین کے تاثرات پر مشتمل متعدد خطوط موصول ہوئے ان سب کی اشاعت ممکن نہیں۔ تاہم چند مقتدر اہل علم ودانش کے خطوط شامل اشاعت ہیں۔ (مجلس ادارت)

## جناب ناظم اعلی صاحب
## جامعہ جنیدیہ غفوریہ انڈسٹرئیل اسٹیٹ جمرود روڈ پشاور

☆☆☆

آپ کا رسالہ مجلّہ فقہ اسلامی ہمیں موصول ہو گیا رسالہ میں علمی، تحقیقی مواد پڑھ کر اجنبیت کا بالکل احساس تک نہیں ہوا اور خوش کن بات یہ ہے کہ یہ مسلک اہل سنت و جماعت کے جرائد میں ایک اضافہ ہے۔

رسالہ کی تحقیقات ہمیں بہت پسند آئیں لہٰذا آیندہ کیلئے بھی انشاء اللہ ہم اس رسالہ کے منتظر ہوں گے۔

## جناب میاں فضل احمد حبیبی صاحب۔ گجرات

☆☆☆

فقہ اسلامی کے الفاظ کی سماعت کانوں میں سمائے یا نظروں کے روبرو آئیں دونوں صورتوں میں امام ابوحنیفہ قدس سرہ کا تصور قائم ہو جاتا ہے۔ ان کی عظمت کے سامنے سر جھک جاتا ہے۔ دل بچھ جاتا ہے۔ آنکھیں بار ادب سے نیم وا ہو جاتی ہیں امام اعظم قدس سرہٗ امت محمدیہ کی واحد ہستی ہیں جن کی تقلید میں اصاغر اور اکابر شامل ہیں۔

آپ موجودہ دور میں فقہ اسلامی کو متعارف اور جاری رکھنے کے لئے جو کوشش کر رہے ھیں وہ قابل صد تعریف ھے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو ہمت عالی اور توفیق فراواں عطا فرمائے۔ آپ کے مجلّہ کو وہ حیثیت حاصل ہے۔ جو امام اعظم کو دیگر ائمہ فقہ پر حاصل ہے۔

© rasailojaraid.com